# First Trilateral Working Group Meeting between India, Iran and Uzbekistan on joint use of Chabahar Port

December 14, 2020

---

## چابہار بندرگاہ کے مشترکہ استعمال سے متعلق ہندوستان، ایران اور ازبکستان کے مابین پہلا سہ فریقی ورکنگ گروپ کے اجلاس کا انعقاد

14 دسمبر، 2020

1۔ چابہار بندرگاہ کے مشترکہ استعمال سے متعلق ہندوستان، ایران اور ازبکستان کے مابین پہلا سہ فریقی ورکنگ گروپ اجلاس 14 دسمبر 2020 کو ورچوئل طریقے سے منعقد کیا گیا۔

2۔ یہ اجلاس مشترکہ طور پر حکومت ہند کی طرف سے سکریٹری (جہاز رانی) جناب سنجیو رانجن، جمہوریہ ازبکستان کے نائب وزیر برائے ٹرانسپورٹ جناب ڈی دہکانوف اور اسلامی جمہوریہ ایران کے نائب وزیر برائے ٹرانسپورٹ جناب شہرام آدم نجاد کی صدارت میں منعقد ہوا۔

3۔ اجلاس کے دوران، شرکاء نے چابہار بندرگاہ کے تجارتی اور راہداری کے مقاصد کے لئے مشترکہ استعمال اور علاقائی کنکٹوٹی کو بڑھاوا دینے پر تبادلہ خیال کیا۔ سبھی فریقوں نے کووڈ وبائی مرض کے دوران انسانی امداد فراہم کرنے کے لئے چابہار بندرگاہ کی طرف سے اس خطے کے لئے نمایاں کردار کو سراہا۔

4۔ سبھی فریقوں نے جنوری 2021 میں ہندوستان کے زیر اہتمام ہونے والے بین الاقوامی سمندری اجلاس کے موقع پر "چابہار ڈے" کے انعقاد کی ہندوستان کی تجویز کا خیرمقدم کیا۔

5۔ یہ اجلاس وزیر اعظم جناب نریندر مودی اور ازبکستان کے صدر عالی جناب شوکت مرزایف کے مابین 11 دسمبر 2020 کو منعقدہ ورچوئل سمٹ کے دوران کیے گئے فیصلوں کے فالو آپ کے طور پر منعقد کیا گیا۔

**نئی دہلی**

**14 دسمبر، 2020**

DISCLAIMER: This is an approximate translation. The original is available in English on MEA's website and may be referred to as the official press release.